# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی و علومِ اسلامیہ

(شعبۂ فکر اسلامی، تاریخ و ثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! اچھی طرح ذہن نشین کر لیجیے کہ:

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں؛ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: فلسفہ اور علم الکلام (2628)** **سمسٹر: خزاں 2026ء**

**سطح: ایم اے علوم اسلامیہ**

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھ لیجیے:

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں؛ البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر: 100      کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- فلسفے کی جستجو کن بنیادی انسانی سوالات سے جنم لیتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 2- فارابی کے فلسفے میں عقل کا مقام کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3- فلسفے میں حقیقت کے تصور کو کس طرح سمجھا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4- ابن طفیل کے نزدیک معرفت کے حصول کا بنیادی ذریعہ کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلامی فکر میں خیر و شر کا معیار کس بنیاد پر قائم ہے؟ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر: 100      کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- اسلامی تصورِ الٰہ کی امتیازی خصوصیات کیا ہیں؟ (20)

سوال نمبر 2- صفاتِ باری تعالیٰ کے باب میں اہلِ سنت کا منہج مختصراً بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3- مسئلۂ تقدیر میں انسانی اختیار کی معقول توجیہ کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4- جدید علم الکلام کن نئے فکری سوالات کا جواب دینے کی کوشش کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5- مذہب اور سائنس کے تعلق کی درست نوعیت کیا ہے؟ (20)